الاخوان المسلمون کا جرم

سوال یہ رہ جاتا ہے کہ الاخوان المسلمون خلافِ قانون کیوں قرار دی گئی؟ اور یہ سازش اور یہ منصوبہ کس لیے؟ میری نگاہ میں اس کی دو بڑی وجوہ ہیں:

ایک وجہ ___ اور فوری وجہ ___ تو یہ ہے کہ انگریزوں سے دب کر صلح کرنے اور امریکا سے منہ مانگی امداد لینے کی راہ میں الاخوان المسلمون حائل تھی۔ یہ لمبی چوڑی باتیں کرنے والے فوجی سورما انگریزوں اور امریکیوں کے سامنے جس طرح سرِ تسلیم خم کر رہے ہیں اُس کا حال عام لوگوں کو نہیں معلوم لیکن آہستہ آہستہ معلوم ہو جائے گا۔ درحقیقت 'اخوان' پر ساز باز کا الزام رکھنے والے خود ساز باز کے لیے راستہ ہموار کر رہے ہیں۔[۱]

دوسری ___ اور اصل وجہ ___ یہ ہے کہ آمریت، اور خصوصاً فوجی آمریت، اپنا حریف نہیں دیکھ سکتی۔ پھر حریف بھی ایسا حریف ہے جو بااصول ہو، منظّم ہو اور راے عام پر اثر انداز ہو سکتا ہو۔[۲]

ٹائمز لندن کے نامہ نگار نے فوج کے عزائم کا خلاصہ جن الفاظ میں دیا ہے ہم اُن پر تحریر کو ختم کرتے ہیں: ''ہم دین کے نام پر آیندہ کسی رجعت پسندانہ ٹریجیڈی کا اعادہ نہیں ہونے دیں گے!'' ('الاخوان المسلمون کا جرم'، مولانا مسعود عالم ندوی☆، ترجمان القرآن، جلد ۴۱، عدد ۶، جمادی الثانی ۱۳۷۳ھ، مارچ ۱۹۵۴ء، ص ۶۶-۶۷)

۱- جیسے جماعت اسلامی پر 'امریکی امداد' کا الزام دھرنے والے وہ ہیں جو خود 'امریکی امداد' کے لیے بے چین تھے۔

۲- تیسری وجہ ___ اور مستقل ___ وجہ یہ بھی ہے کہ مصر کے انقلابی فوجی افسر مصری معاشرے کی تعمیر جس غیر اسلامی فرنگی نقشے پر کرنا چاہتے ہیں اور عوام کے ذہن و کردار کو آرٹ اور کلچر کے جس رنگ میں رنگنا چاہتے ہیں، اس میں کسی اسلامی دعوت و تحریک کا وجود رخنہ انداز ہوتا ہے، لہٰذا یہ کانٹا راستے سے ہٹائے بغیر چارہ نہ تھا۔

☆ مولانا مسعود عالم ندوی کا انتقال اسی سال ۱۶ مارچ ۱۹۵۴ء کو ہوا۔